مولانا محمد الیاس مرحوم سے آج دینی حلقوں کے ساتھ وابستگی رکھنے والا کون سا فرد نا واقف ہوگا۔ کسی حد تک ان کی دعوت کا چرچا بھی ہر جگہ پہنچ چکا ہے۔ لیکن مرحوم جس طرزِ فکر اور جس سیرت سے آراستہ تھے اس سے کم ہی لوگ آشنا ہونگے۔ مولانا نعمانی نے ملفوظات لکھ کر یہ آسانی بہم پہنچا دی ہے کہ اس کتاب کے ذریعے اس فکر و سیرت کی ایک جھلک دیکھی جا سکتی ہے جس سے مولانا الیاس مرحوم کی ذات آراستہ تھی!

پیارے رسولؐ | از جناب افضل حسین صاحب ایم اے، بی اے، بی ٹی۔ ناظم درسگاہ جماعت اسلامی ہند رام پور۔ شائع کردہ:۔ مکتبۂ جماعت اسلامی ہند رام پور۔ قیمت ۵ر۔

یہ رسالہ بچوں کے لیے لکھا گیا۔ اس میں نہایت ہی آسان زبان اور دلچسپ انداز بیان میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کا ایک عکس پیش کیا گیا ہے۔ چھوٹے چھوٹے ابواب میں آنحضورؐ کی زندگی اس طرح بیان کی گئی ہے کہ اُس دعوت، اُس مقصد اور اُس تحریک کا تصور بھی بچوں کو حاصل ہو سکتا ہے جس کے لیے حضورؐ کی زندگی پوری کی پوری وقف تھی اور جس کے لیے آپ نبی بنا کر اُٹھائے گئے تھے۔

آخری حصہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایسے فرمودات انتخاب کر کے درج کئے گئے ہیں جن سے بچوں کو زمانۂ تربیت میں استفادہ کرنا چاہیے۔

پھلوں سے علاج | از جناب حکیم محمد عبداللہ صاحب گولڈ میڈلسٹ (روڑی والے) شائع کردہ شیخ محمد قمرالدین تاجر کتب گجر گلی اندرون موچی دروازہ، لاہور۔ قیمت درج نہیں۔

حکیم محمد عبداللہ صاحب نے معالجہ کے فن میں جو دلچسپ سلسلۂ کتب لکھا ہے، یہ اس کی ایک اہم کڑی ہے۔ اس میں موصوف نے اپنے مطالعے اور تجربے کا گویا نچوڑ پیش کیا ہے۔ ایک معمولی سوجھ بوجھ کا آدمی اس کے مطالعہ سے یہ جان سکتا ہے کہ مختلف امراض میں کس پھل کو کس طریقے پر استعمال کرنے سے شفا حاصل ہو سکتی ہے۔